فوری ریلیز کے لیے: 15/8/2022 | گورنر KATHY HOCHUL

گورنر HOCHUL نے اگست کے لیے خوراک کی اضافی امداد میں 234$ ملین کا اعلان کر دیا

تمام SNAP گھرانوں کو اگست کے لیے زیادہ سے زیادہ سطح کے غذائی فوائد وصول ہوں گے

اضافی غذائی فوائد کا نومبر تک جاری رہنا متوقع ہے

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا ہے کہ سپلیمینٹل نیوٹریشن اسسٹنس پروگرام (Supplemental Nutrition Assistance Program, SNAP) میں اندراج کیے گئے نیویارک کے تمام باشندوں کو اگست کے لیے خوراک کے زیادہ سے زیادہ قابل اجازت فوائد حاصل ہوں گے۔ SNAP میں حصہ لینے والے تمام گھرانوں — بشمول پہلے ہی فوائد کی زیادہ سے زیادہ سطح پر موجود گھرانوں — کو اس مہینے ایک سپلیمینٹل الاٹمنٹ ملے گی، جس کے نتیجے میں نیو یارک کی ریاست کی معیشت میں تقریباً 234$ ملین کی وفاقی فنڈنگ شامل ہوگی۔

گورنر Hochul نے کہا، "نیویارک کے کسی بھی مکین کو اس امکان کا سامنا نہیں ہونا چاہیے کہ وہ اپنے گھر والوں کو کھانا کھلانے کے لیے مناسب خوراک فراہم کرنے کے قابل نہ ہو۔ یہ اضافی فوائد سینکڑوں ہزاروں افراد اور خاندانوں کے لیے اس تکلیف دہ تشویش کو دور کرنے میں مدد کرتے ہیں جو ابھی بھی COVID-19 کی عالمی وباء سے جاری معاشی بحالی کے درمیان گزر بسر کرنے کے لیے ہاتھ پیر مار رہے ہیں۔"

ہنگامی امداد کی سپلیمینٹ تمام گھرانوں کو فراہم کی جائے گی، بشمول وہ لوگ جو عام طور پر SNAP پر ماہانہ زیادہ سے زیادہ قابل اجازت فائدہ حاصل کرتے ہیں، جو کہ ایک وفاقی مالیاتی پروگرام ہے جس کی نگرانی ریاست نیویارک کا دفتر برائے عارضی اور معذوری امداد کرتا ہے۔ پہلے سے زیادہ سے زیادہ فائدے کی سطح — چار افراد کے گھرانے کے لیے 835$ — پر موجود یا اس کے قریب گھرانوں کو کم از کم 95$ کی سپلیمینٹل ادائیگی ملے گی۔

نیو یارک شہر سے باہر کی تمام کاؤنٹیوں کے SNAP گھرانوں کو یہ اضافی فوائد آج اور جمعہ، 19 اگست کے درمیان پوسٹ کیے گئے دکھائی دیں گے۔ نیو یارک شہر کے پانچ-کاؤنٹیوں والے علاقے میں SNAP گھرانوں کو اپنے فوائد منگل 16 اگست اور پیر 29 اگست کے درمیان پوسٹ کیے گئے دکھائی دیں گے۔

OTDA نے اپریل 2020 میں ان SNAP گھرانوں کو ہنگامی سپلیمینٹل فوائد جاری کرنا شروع کیے تھے جو زیادہ سے زیادہ ماہانہ فائدے کی رقم سے کم وصول کرتے ہیں۔ جب جون 2021 میں نیو یارک کی ریاست کے ہنگامی اعلان کی میعاد ختم ہوئی تو ایجنسی نے وفاقی حکومت کے ساتھ مل کر صحتِ عامہ کی ہنگامی حالت کے وفاقی اعلان، جس میں اکتوبر تک توسیع کی گئی تھی اور OTDA کو نومبر تک ان فوائد کا اجراء جاری رکھنے کے قابل بنائے گا، کی میعاد ختم ہونے تک تمام SNAP گھرانوں کے لیے زیادہ سے زیادہ الاٹمنٹ کو یقینی بنانے کے لیے کام کیا۔

نیو یارک کے باشندوں کا اس موسمِ بہار میں بھی SNAP پر بہت زیادہ انحصار جاری رہا، جس میں جون میں اس پروگرام میں ریاست بھر کے 1.6 ملین سے زائد گھرانوں نے اندراج کیا جو 2.8 ملین سے زیادہ نیو یارک کے

باشندوں پر مشتمل تھے۔ جبکہ مئی سے ریاست بھر میں SNAP وصول کنندگان کی تعداد قدرے کم ہو گئی ہے، یہ تعداد جون 2021 کے مقابلے میں 1.4 فیصد زیادہ تھی، جو ان اہم فوائد کی مسلسل طلب کو اجاگر کرتی ہے۔

ریاست نیویارک کے دفتر برائے عارضی اور معذوری کی امداد کے کمشنر Daniel W. Tietz نے کہا، "یہ زیادہ سے زیادہ فوائد غذائی عدم تحفظ کے شکار گھرانے پر جو اثرات مرتب کر سکتے ہیں ان کو بڑھا چڑھا کر پیش نہیں کیا جا سکتا۔ یہ فوائد ناگزیر خانہ پُری فراہم کرتے ہیں جسے مشکلات کے شکار افراد اور خاندان گزر بسر کرنے اور صحت مند، غذائیت سے بھرپور خوراک میز پر رکھنے کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔"

نمائندے Adriano Espaillat نے کہا، "SNAP بھوک کی اُس وباء کے خلاف لڑنے کے لیے ہمارے پاس موجود سب سے مؤثر ذریعہ ہے جو ہماری ریاست اور ملک بھر کے علاقوں کو پریشان کر رہی ہے۔ میں نیویارک بھر میں ضرورت مند خاندانوں کے لیے خوراک کی امداد کو بڑھانے میں مدد کے لیے اضافی ہنگامی فنڈ مختص کرنے کے آج کے اعلان پر گورنر Hochul کو خراجِ تحسین پیش کرتا ہوں۔ اس مشکل وقت کے دوران مکینوں کو اپنے خاندانوں کے لیے کھانا فراہم کرتے وقت مزید رکاوٹوں کا سامنا نہ کرنا یقینی بنانے کی ہماری مسلسل کاوشوں میں SNAP کے فوائد اہم ہیں کیونکہ ہمارے علاقے اور معیشت ابھی بحال ہو رہے ہیں۔"

SNAP نیو یارک کی جاری اقتصادی بحالی میں اہم کردار ادا کرتا ہے اور جنوری سے اب تک اس نے ریاست کی معیشت میں 1.2$ بلین سے زائد کا اضافہ کیا ہے۔ امریکی معیشت پر SNAP کے اثرات کی مقدار بیان کرنے والے وفاقی مطالعے کے مطابق SNAP کی جانب سے لگایا گیا ہر وفاقی ڈالر اقتصادی سرگرمی کی مد میں 1.54$ تک پیدا کرتا ہے۔

یہ فوائد نیو یارک کے ضرورت مند باشندوں کے لیے ایک اہم وسیلہ زندگی بھی ہیں، کیونکہ ایک حالیہ مطالعے کے مطابق گزشتہ سال ریاست کی تقریباً 14 فیصد آبادی کا SNAP فوائد پر انحصار تھا۔ وصول کنندگان میں سے آدھے سے زیادہ گھرانے بچوں والے خاندان تھے اور تقریبا 48 فیصد میں 55 سال سے زیادہ عمر کے ایک بزرگ یا معذور فرد شامل تھے۔

پچھلے مہینوں کی طرح، ادائیگیاں براہ راست وصول کنندگان کے موجودہ الیکٹرانک بینیفٹ ٹرانسفر (Electronic Benefit Transfer, EBT) اکاؤنٹس میں پہنچائی جائیں گی اور وہ اپنے موجودہ EBT کارڈز سے ان تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ باقاعدہ SNAP کے فوائد کی طرح، سپلیمنٹل فوائد کو غذا کی خوردہ فروش مجاز دکانوں پر خوراک خریدنے کے لیے استعمال کیا جاسکتا ہے۔ SNAP کے کوئی بھی غیر استعمال شدہ فوائد خود بخود اگلے مہینے میں منتقل ہو جائیں گے۔

ہنگامی سپلیمنٹل SNAP فوائد کے بارے میں مزید معلومات بشمول عمومی سوالات کے جوابات، یہاں سے حاصل کریں۔ اندراج میں دلچسپی رکھنے والے نیویارک کے باشندے mybenefits.ny.gov پر جا کرآن لائن درخواست دینے کے علاوہ اپنی SNAP کی اہلیت کی جانچ بھی کر سکتے ہیں۔

###

اضافی خبریں یہاں دستیاب ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیویارک | ایگزیکٹو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418